تعارف وتبصرہ

صوبہ سرحد کے علماء دیوبند کی سیاسی خدمات

پشاور میں جمعیت علماء اسلام پاکستان کی "خدمات دارالعلوم دیوبند کانفرنس" کے موقع پر پشاور کے محترم اور بزرگ عالم دین حضرت مولانا ڈاکٹر عبد الدیان کلیم نے "صوبہ سرحد کے علماء دیوبند کی سیاسی خدمات" کے نام سے ساڑھے تین سو سے زائد صفحات پر مشتمل مجلد اور خوبصورت کتاب پیش کی ہے جو دراصل ان کے ڈاکٹریٹ کے مقالہ کا ایک حصہ ہے۔ مقالہ میں تحریک آزادی' تحریک پاکستان اور پھر پاکستان میں نفاذ شریعت کی جدوجہد میں صوبہ سرحد سے تعلق رکھنے والے علماء دیوبند کی خدمات کا تفصیل سے جائزہ لیا گیا ہے اور بہت اہم معلومات یک جا کر دی گئی ہیں۔

کتاب کی قیمت ۱۵۰ روپے ہے اور مکتبہ شجاعت' راحت آباد' ڈاکخانہ فارسٹ کالج' پشاور سے طلب کی جا سکتی ہے۔

خلاصہ تفسیر القرآن متعلقۃ الجہاد الاسلامی

مدرسہ قاسم العلوم شیرانوالہ گیٹ لاہور کے استاذ تفسیر حضرت مولانا حمید الرحمن عباسی مدظلہ مختلف عنوانات پر قرآن کریم کی آیات کریمہ' متعلقہ احادیث اور ضروری تشریحات الگ الگ مجموعوں کی صورت میں پیش کر رہے ہیں جو ایک قابل قدر کاوش ہے۔ زیر نظر دو جلدیں ۹ و ۱۰ جہاد کے بارے میں احکام وفضائل کے موضوع پر ہیں اور ان میں قرآن وحدیث کا اچھا خاصا ذخیرہ مرتب انداز میں پیش کیا گیا ہے۔

دونوں جلدوں کے مجموعی صفحات ایک ہزار سے زائد ہیں اور قیمت درج نہیں ہے۔

ملنے کا پتہ : دفتر انجمن خدام الدین شیرانوالہ گیٹ لاہور۔

ختم نبوت اور قادیانی

مرزا غلام احمد قادیانی اور اس کے پیروکاروں نے اپنی جھوٹی نبوت کے پرچار کے لیے قرآن کریم کی آیت ختم نبوت کی دراز کار تاویلات کا سہارا لے کر مکر وفریب کا جو جال پھیلایا ہے اسے ہر دور میں علماء حق نے دلائل کے ساتھ بے نقاب کیا ہے۔ زیر نظر کتابچہ اسی موضوع پر مولانا حکیم محمود احمد ظفر نے تحریر کیا ہے اور علمی